Test Booklet Code & Serial No.
प्रश्नपत्रिका कोड व क्रमांक

**A**

# Paper-II
# URDU

**Signature and Name of Invigilator**

1. (Signature) ........................................

(Name) ................................................

2. (Signature) ........................................

(Name) ................................................

Seat No. | | | | | | | |

(In figures as in Admit Card)

Seat No. ............................................................
(In words)

OMR Sheet No. | | | | | | | |

(To be filled by the Candidate)

# MAR - 05223

**Time Allowed : 2 Hours]** **[Maximum Marks : 200**

Number of Pages in this Booklet : **20** Number of Questions in this Booklet : **100**

**Instructions for the Candidates**

1. Write your Seat No. and OMR Sheet No. in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of **100** objective type questions. Each question will carry *two* marks. *All* questions of Paper II will be compulsory.
3. At the commencement of examination, the question booklet will be given to the student. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and compulsorily examine it as follows :
   (*i*) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page. Do not accept a booklet without sticker-seal or open booklet.
   (*ii*) Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. Faulty booklets due to missing pages/questions or questions repeated or not in serial order or any other discrepancy should not be accepted and correct booklet should be obtained from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given. The same may please be noted.
   (*iii*) After this verification is over, the OMR Sheet Number should be entered on this Test Booklet.
4. Each question has four alternative responses marked (A), (B), (C) and (D). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.
   **Example :** where (C) is the correct response.
   (A) (B) ● (D)
5. Your responses to the items are to be indicated in the **OMR Sheet given inside the Booklet only.** If you mark at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Read instructions given inside carefully.
7. Rough Work is to be done at the end of this booklet.
8. If you write your Name, Seat Number, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except for the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, or use abusive language or employ any other unfair means, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return original OMR Sheet to the invigilator at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry the Test Booklet and duplicate copy of OMR Sheet on conclusion of examination.
10. Use only Blue/Black Ball point pen.
11. Use of any calculator or log table, etc., is prohibited.
12. There is no negative marking for incorrect answers.

**विद्यार्थ्यांसाठी महत्त्वाच्या सूचना**

1. परीक्षार्थींनी आपला आसन क्रमांक या पृष्ठावरील वरच्या कोपऱ्यात लिहावा. तसेच आपणांस दिलेल्या उत्तरपत्रिकेचा क्रमांक त्याखाली लिहावा.
2. सदर प्रश्नपत्रिकेत 100 बहुपर्यायी प्रश्न आहेत. प्रत्येक प्रश्नास **दोन** गुण आहेत. या प्रश्नपत्रिकेतील **सर्व** प्रश्न सोडविणे अनिवार्य आहे.
3. परीक्षा सुरू झाल्यावर विद्यार्थ्याला प्रश्नपत्रिका दिली जाईल. सुरुवातीच्या 5 मिनिटांमध्ये आपण सदर प्रश्नपत्रिका उघडून खालील बाबी अवश्य तपासून पहाव्यात.
   (*i*) प्रश्नपत्रिका उघडण्यासाठी प्रश्नपत्रिकेवर लावलेले सील उघडावे. सील नसलेली किंवा सील उघडलेली प्रश्नपत्रिका स्वीकारू नये.
   (*ii*) पहिल्या पृष्ठावर नमूद केल्याप्रमाणे प्रश्नपत्रिकेची एकूण पृष्ठे तसेच प्रश्नपत्रिकेतील एकूण प्रश्नांची संख्या पडताळून पहावी. पृष्ठे कमी असलेली/कमी प्रश्न असलेली/प्रश्नांचा चुकीचा क्रम असलेली किंवा इतर त्रुटी असलेली सदोष प्रश्नपत्रिका सुरुवातीच्या 5 मिनिटातच पर्यवेक्षकाला परत देऊन दुसरी प्रश्नपत्रिका मागवून घ्यावी. त्यानंतर प्रश्नपत्रिका बदलून मिळणार नाही तसेच वेळही वाढवून मिळणार नाही याची कृपया विद्यार्थ्यांनी नोंद घ्यावी.
   (*iii*) वरीलप्रमाणे सर्व पडताळून पाहिल्यानंतरच प्रश्नपत्रिकेवर ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेचा नंबर लिहावा.
4. प्रत्येक प्रश्नासाठी (A), (B), (C) आणि (D) अशी चार विकल्प उत्तरे दिली आहेत. त्यातील योग्य उत्तराचा रकाना खाली दर्शविल्याप्रमाणे ठळकपणे काळा/निळा करावा.
   **उदा. :** जर (C) हे योग्य उत्तर असेल तर.
   (A) (B) ● (D)
5. या प्रश्नपत्रिकेतील प्रश्नांची उत्तरे **ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेतच दर्शवावीत.** इतर ठिकाणी लिहिलेली उत्तरे तपासली जाणार नाहीत.
6. आत दिलेल्या सूचना काळजीपूर्वक वाचाव्यात.
7. प्रश्नपत्रिकेच्या शेवटी जोडलेल्या कोऱ्या पानावरच कच्चे काम करावे.
8. जर आपण ओ.एम.आर. वर नमूद केलेल्या ठिकाणाव्यतिरिक्त इतर कोठेही नाव, आसन क्रमांक, फोन नंबर किंवा ओळख पटेल अशी कोणतीही खूण केलेली आढळून आल्यास अथवा असभ्य भाषेचा वापर किंवा इतर गैरमार्गांचा अवलंब केल्यास विद्यार्थ्याला परीक्षेस अपात्र ठरविण्यात येईल.
9. परीक्षा संपल्यानंतर विद्यार्थ्याने मूळ ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिका पर्यवेक्षकांकडे परत करणे आवश्यक आहे. तथापि, प्रश्नपत्रिका व ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेची द्वितीय प्रत आपल्याबरोबर नेण्यास विद्यार्थ्यांना परवानगी आहे.
10. फक्त निळ्या किंवा काळ्या बॉल पेनचाच वापर करावा.
11. कॅलक्युलेटर किंवा लॉग टेबल वापरण्यास परवानगी नाही.
12. चुकीच्या उत्तरासाठी गुण कपात केली जाणार नाही.

MAR - 05223/II—A

# URDU

## Paper II

**Time Allowed : 120 Minutes]** **[Maximum Marks : 200**

**Note :** This paper contains **Hundred (100)** multiple choice questions. Each question carrying **Two** (**2**) marks. Attempt *All* questions

1. ''اردو میں تنقید کا وجود محض فرضی ہے، یہ اقلیدس کا خیالی نقطہ ہے یا معشوق کی موہوم کمر'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) آل احمد سرور

(B) امداد امام اثر

(C) کلیم الدین احمد

(D) احتشام حسین

2. درج ذیل میں سے کون سی داستان مقفیٰ و مجمع عبارت میں لکھی گئی ہے؟

(A) باغ و بہار

(B) رانی کیتکی کی کہانی

(C) فسانۂ عجائب

(D) قصہ مہر افروز ودلبر

3. ''اپ بھرنش'' کا ارتقا کس عہد میں ہوا؟

(A) ہند آریائی کے عہد وسطیٰ میں

(B) عہد وسطیٰ اور عہد جدید دونوں میں

(C) ہند آریائی کے عہد قدیم میں

(D) ہند آریائی کے عہد جدید میں

4. ''ایک چادر میلی سی'' کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟

(A) انشائیہ

(B) خاکہ

(C) ناول

(D) ڈرامہ

5. ''تذکرہ ہندی'' کے مصنف کون ہیں ؟

(A) میر حسن

(B) مصحفی

(C) محمد تقی میر

(D) نساخ

6. کلیم الدین احمد کس مغربی نقاد سے متاثر ہیں ؟

(A) ٹی . ایس . ایلیٹ

(B) آرنلڈ

(C) ایف . آر . لیوس

(D) آئی . اے . رچرڈس

7. پنجاب اور کشمیر کے علاقے میں کون سی پراکرت بولی جاتی تھی ؟

(A) ماگدھی

(B) شورسینی

(C) مہاراشٹری

(D) پشاچی

8. اردو میں تقابلی تنقید کی ابتداء کس نے کی ؟

(A) حالی

(B) شبلی نعمانی

(C) امداد امام اثر

(D) مولانا محمد حسین آزاد

9. زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کون سی ہے ؟

(A) علی گڑھ تحریک - رومانی تحریک - جدیدیت - ترقی پسند تحریک

(B) علی گڑھ تحریک - ترقی پسند تحریک - رومانی تحریک - جدیدیت

(C) علی گڑھ تحریک - جدیدیت - رومانی تحریک - ترقی پسند تحریک

(D) علی گڑھ تحریک - رومانی تحریک - ترقی پسند تحریک - جدیدیت

10. مندرجہ ذیل میں سے کون سا جوڑ درست ہے ؟

(A) مدو جزر اسلام — شبلی

(B) چاند نی بیگم — عصمت چغتائی

(C) اردو تنقید پر ایک نظر — کلیم الدین احمد

(D) تذکرہ نکات الشعر — میر حسن

11. ''اگر مسلمان ہندوستان میں نہ آتے تو جدید ہند آریائی زبانوں کے ادبی آغاز و ارتقاء میں دو ایک صدی کی ضرور تاخیر ہو جاتی۔'' یہ خیال کس مصنف کا ہے؟

(A) سنیتی کمار چٹر جی

(B) مسعود حسین خاں

(C) گریرسن

(D) سہیل بخاری

12. نیچرل شاعری کی بحث کس کتاب میں ہے؟

(A) مقدمہ شعر و شاعری

(B) یادگار غالب

(C) حیات سعدی

(D) حیات جاوید

13. علی گڑھ تحریک کا امام کس کو کہا جاتا ہے؟

(A) بہادر شاہ ظفر

(B) محمد حسین آزاد

(C) سر سید

(D) شبلی نعمانی

14. 'مقدمہ تاریخ زبان اردو' کے مصنف کون ہیں؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) محمود شیرانی

(C) مسعود حسین خاں

(D) شوکت سبزواری

15. ''کوں، سوں، سیتی، ہور'' جیسے الفاظ کس علاقے کی زبان میں استعمال ہوئے ہیں؟

(A) دہلی

(B) دکن

(C) لکھنؤ

(D) عظیم آباد

16. کس شاعر کو عوامی شاعری کا نمائندہ کہا جاتا ہے؟
(A) اکبرالہ آبادی
(B) اختر الایمان
(C) نظیراکبرآبادی
(D) مخدوم محی الدین

17. انیس ودبیر کے مراثی کے ایک بند میں عموماً کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟
(A) تین
(B) چار
(C) پانچ
(D) چھ

18. سورج نے دیا اپنی شعاعوں کو یہ پیغام
دنیا ہے عجب چیز، کبھی صبح کبھی شام
یہ شعرعلامہ اقبالؔ کی کس نظم کا حصہ ہے؟
(A) ساقی نامہ
(B) شعاعِ امید
(C) لالہ صحرائی
(D) ذوق وشوق

19. سرسید کی سوانح اردو میں سب سے پہلے کس نے لکھی؟
(A) الطاف حسین حالیؔ
(B) محمد حسین آزاد
(C) ڈپٹی نذیر احمد
(D) شبلی نعمانی

20. اپنے بےخواب کواڑوں کو مقفل کرلو
اب یہاں کوئی نہیں کوئی نہیں آئے گا
یہ مصرعے کس نظم کے ہیں؟
(A) صبح ازادی
(B) چاندتاروں کا بن
(C) تنہائی
(D) بازگشت

21. ''گل بکاولی'' کا کردار کس مثنوی میں ہے؟
(A) سحرالبیان
(B) گلزارنسیم
(C) خواب وخیال
(D) سوزوگداز

22. مندرجہ ذیل میں سے کون سی نظم اختر الایمان کی لکھی ہوئی ہے ؟

(A) سمندر کا بلاوا

(B) حویلی

(C) گریز

(D) باز آمد

23. ''چمپا'' قرۃ العین حیدر کے کس ناول کا کردار ہے؟

(A) کار جہاں دراز ہے

(B) گردش رنگ چمن

(C) آگ کا دریا

(D) آخر شب کے ہمسفر

24. ''سب رس'' کا زمانۂ تصنیف کیا ہے؟

(A) 1625

(B) 1635

(C) 1645

(D) 1745

25. مثنوی گلزار نسیم کا ہیرو کون ہے؟

(A) تاج الملوک

(B) زین الملوک

(C) خردمند

(D) عاقل

26. ''ماہ طلعت'' کس داستان کا کردار ہے؟

(A) باغ و بہار

(B) بوستانِ خیال

(C) فسانۂ عجائب

(D) رانی کیتکی کی کہانی

27. ''راحیل'' اور ''عذرا'' کس ڈرامے کے کردار ہیں؟

(A) اندر سبھا

(B) انارکلی

(C) یہودی کی لڑکی

(D) ضحاک

28. شوکت علی خاں کس شاعر کا اصل نام ہے؟

(A) اصغؔر

(B) جگؔر

(C) فاؔنی

(D) حسرؔت

29. غاؔلب کس عرفی نام سے مشہور تھے؟

(A) مرزا غالب

(B) مرزا نوشہ

(C) مرزا اسد

(D) اسداللہ

30. حسرت موہانی کا پورا نام کیا تھا؟

(A) سید فضل حسن

(B) سید فضل الحسن

(C) سید فضل الحسین

(D) سید افضل حسن

31. ''شیخ علی وجودی'' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) توبۃالنصوح

(B) فردوسِ بریں

(C) اداس نسلیں

(D) امراؤجان ادا

32. ذیل میں سے کس شاعر کے کلام میں تغزل کی صفت زیادہ پائی جاتی ہے ؟

(A) ولی

(B) مومن

(C) اصغر گونڈوی

(D) کلیم عاجز

33. اِن میں سے کس شاعر نے اپنی فصاحت و بلاعت اور شبّیر کی مدّاحی پر فخر کیا ہے؟

(A) جمیل مظہری

(B) مرزا غالب

(C) مرزا دبیر

(D) میر انیس

34. سوز و گداز اور سہل ممتنع کی خصوصیت کس شاعر کے کلام میں زیادہ پائی جاتی ہے؟

(A) ذوق

(B) میر

(C) یگانہ چنگیزی

(D) عرفان صدیق

35. ''کربل کتھا'' کا بنیادی ماخذ کیا ہے؟

(A) سب رس

(B) علی نامہ

(C) معراج العاشقین

(D) روضۃ الشہدا

36. الطاف حسین حالی نے کس صنفِ سخن کو سب سے زیادہ مفید اور کارآمد بتایا ہے ؟

(A) غزل

(B) مثنوی

(C) قصیدہ

(D) نظم

37. شاعری دو چیزوں کا نام ہے، محاکات اور تخیّل۔ یہ کس نقاد کی رائے ہے؟

(A) مولانا حالی

(B) شبلی نعمانی

(C) امداد امام اثر

(D) احتشام حسین

38. سرسید کا سفرنامہ کس نام سے شائع ہوا؟

(A) لندن کا مسافر

(B) مسافرانِ لندن

(C) لندن کا ایک سفر

(D) کچھ روز لندن میں

39. اِن میں سے کون ترقی پسند نقّاد ہے؟

(A) نیاز فتحپوری

(B) شمس الرحمٰن فاروقی

(C) احتشام حسین

(D) شبیہہ الحسن

40. سید شبیہ الحسن کا تعلق کس دبستان تنقید سے ہے؟

(A) نفسیاتی

(B) اسلوبیاتی

(C) مارکسی

(D) جمالیاتی

41. ''لاجو آئینے میں اپنے سراپا کی طرف دیکھتی اور آخر اس نتیجے پر پہنچتی کہ وہ اور تو سب کچھ ہو سکتی ہے پر لاجو نہیں ہو سکتی۔ وہ بس گئی، پر اجڑ گئی۔'' یہ اقتباس کس افسانے کا ہے؟

(A) اپنے دکھ مجھے دے دو

(B) جوگیا

(C) لمبی لڑکی

(D) لاجونتی

42. 'قطب مشتری' کا سال تکمیل کیا ہے؟

(A) 1019 ہجری

(B) 1018 ہجری

(C) 1017 ہجری

(D) 1015 ہجری

43. ہوا یہ باغ جہان میں شگفتگی کا جوش
کلیدِ قفلِ دلِ تنگ و خاطرِ دل گیر
یہ شعر قصیدہ کے کس حصے کا ہے؟

(A) تشبیب

(B) گریز

(C) مدح

(D) دعا

44. کس ناول میں ہزاروں سال کی ہندوستانی تاریخ، تہذیب وتمدن اور دیومالائی عناصر کا عکس ملتا ہے ؟

(A) چوگان ہستی

(B) شکست

(C) لندن کی ایک رات

(D) آگ کا دریا

45. مندرجہ ذیل میں سے کون سا کردار ''رانی کیتکی کی کہانی'' میں آیا ہے؟

(A) ماہ طلعت

(B) انجمن آرا

(C) مدن بان

(D) فیروز شاہ

46. گل بکاولی کا قصہ فورٹ وِلیم کالج کے کس مصنف نے اردو نثر میں لکھا تھا؟

(A) عزت اللہ بنگالی

(B) نہال چند لاہوری

(C) دیاشنکر نسیم

(D) حیدر بخش حیدری

47. ''عطارد'' کا کردار کس مثنوی میں آیا ہے؟

(A) گلزار نسیم

(B) قطب مشتری

(C) سحرالبیان

(D) پھول بن

48. ''ہائیکو'' میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) گیارہ

(B) تین

(C) سات

(D) پانچ

49. کس ادیب کے خطوط میں انشائیہ کی صفات بھی پائی جاتی ہیں؟

(A) غالب

(B) سرسید

(C) ابوالکلام آزاد

(D) رشید احمد صدیقی

50. ان میں سے کس نے ڈرامے لکھے ہیں؟

(A) امتیاز علی تاج

(B) امتیاز علی خاں عرشی

(C) قاضی عبدالودود

(D) مولوی عبدالحق

51. ''حیاتِ جاوید'' پہلی بار کب شائع ہوئی تھی ؟

(A) 1898

(B) 1901

(C) 1903

(D) 1905

52. ان میں سے کون سی داستان فورٹ وِلیم کالج میں لکھی گئی ؟

(A) فسانہ عجائب

(B) رانی کیتکی کی کہانی

(C) باغ و بہار

(D) سب رس

53. ''شاعرِ مشرق'' کس مشہور شاعر کو کہا جاتا ہے ؟

(A) علامہ اقبالؔ

(B) فیض احمد فیضؔ

(C) حالیؔ

(D) اکبرؔ الٰہ آبادی

54. ''ورودِ مسعود'' کا تعلق کس صنفِ نثر سے ہے؟

(A) خودنوشت سوانح

(B) سفرنامہ

(C) انشائیہ

(D) خاکہ

55. سرسید نے انگلستان کا سفر کب کیا تھا ؟

(A) 1864

(B) 1866

(C) 1869

(D) 1875

56. غالبؔ کے خطوط میں کس شہر کی تباہی و بربادی کا ذکر ہے؟

(A) دہلی

(B) لکھنؤ

(C) آگرہ

(D) کلکتہ

57. کس شاعر کے تقریباً تمام قصائد دربار دہلی سے تعلق رکھتے ہیں ؟

(A) سوداؔ

(B) محسنؔ کاکوروی

(C) مومنؔ

(D) ذوق

58. محمد ثناء اللہ خاں کس شاعر کا اصل نام ہے؟

(A) ن. م. راشد

(B) میراجی

(C) مخدوم

(D) جذبی

59. وجودی فکر کس ادبی رجحان میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے ؟

(A) رومانیت

(B) جدیدیت

(C) مابعد جدیدیت

(D) ترقی پسندی

60. ''اردو ادب میں رومانوی تحریک'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) شکیل الرحمٰن

(B) مجنوں گورکھپوری

(C) محمد حسن

(D) وزیر آغا

61. مندرجہ ذیل میں سے کس مصنف کا تعلق فورٹ وِلیم کالج سے نہیں تھا ؟

(A) میر محمد تقی خیال

(B) حیدر بخش حیدری

(C) شیر علی افسوس

(D) بہادر علی حسینی

62. ہیئت کے لحاظ سے سب سے مختصر صنفِ سخن اِن میں سے کون سی ہے؟

(A) رباعی

(B) گیت

(C) مسدس

(D) ریختی

63. ان میں سے کون دبستانِ دہلی کا شاعر نہیں ہے ؟

(A) مظہر جان جاناں

(B) سودا

(C) ناسخ

(D) شاہ مبارک آبرو

64. کس داستان میں عربی و فارسی کے الفاظ استعمال نہیں کیے گئے ہیں؟

(A) رانی کیتکی کی کہانی

(B) قصہ مہر افروز و دلبر

(C) سب رس

(D) باغ و بہار

65. ''رپورتاژ'' کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) فرانسیسی

(B) جرمن

(C) روسی

(D) یونانی

66. 'خوجی' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) فسانۂ عجائب

(B) فسانۂ آزاد

(C) باغ و بہار

(D) سب رس

67. ''تعبیر کی شرح'' کا مصنف کون ہے ؟

(A) گوپی چند نارنگ

(B) شمس الرحمٰن فاروقی

(C) مجنوں گورکھ پوری

(D) شکیل الرحمٰن

68. کوئی جیتا کوئی مرتا ہی رہا

عشق اپنا کام کرتا ہی رہا

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے ؟

(A) تجاہل عارفانہ

(B) استعارہ

(C) تشبیہ

(D) تضاد

69. ان میں کس شاعر کے یہاں حب الوطنی کی نظمیں ملتی ہیں ؟

(A) چکبستؔ

(B) اسماعیلؔ میرٹھی

(C) اکبرؔ الٰہ آبادی

(D) اخترؔ شیرانی

70. رنگ سوتے میں چمکتا ہے طرحداری کا
طرفہ عالم ہے ترے حسن کی بیداری کا
یہ کس کا شعر ہے؟

(A) جگر مرادآبادی

(B) حسرت موہانی

(C) شاد عظیم آبادی

(D) مجروح سلطان پوری

71. ابن نشاطی کا نام کیا ہے؟

(A) شیخ محمد مظہر الدین

(B) شیخ محمد اظہر الدین

(C) شیخ محمد نصیر الدین

(D) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

72. 'لاہور کا جغرافیہ' کس کا انشائیہ ہے؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) ابوالکلام آزاد

(C) پطرس بخاری

(D) رشید احمد صدیقی

73. کس محقق نے لکھا ہے کہ اردو زبان دوآبہ گنگ وجمن میں پیدا ہوئی ؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) شوکت سبزواری

(C) عبدالقادر سروری

(D) مسعود حسین خاں

74. اِن میں سے کون سی کتاب رشید حسن خاں کی مرتب کردہ نہیں ہے؟

(A) گلزار نسیم

(B) سحرالبیان

(C) مثنویاتِ شوق

(D) علی نامہ

75. مندرجہ ذیل میں سے تمثیلی داستان کون سی ہے ؟

(A) فسانہ عجائب

(B) آرائش محفل

(C) سب رس

(D) قصہ مہر آفروز و دلبر

76. ان میں سے کون سماجیاتی تنقید نگار ہے؟

(A) کلیم الدین احمد

(B) محمد حسن

(C) شمس الرحمٰن فاروقی

(D) عبدالرحمٰن بجنوری

77. اردو کی پہلی عشقیہ مثنوی کون سی ہے؟

(A) قطب مشتری

(B) نوسرہار

(C) گلزار نسیم

(D) کدم راؤ پدم راؤ

78. 'بوطیقا' کے نام سے کس کی کتاب کا اردو میں ترجمہ ہوا ہے؟

(A) افلاطون

(B) ارسطو

(C) سقراط

(D) ایلیٹ

79. مثنوی کدم راؤ پدم راؤ میں پدم راؤ کون تھا ؟

(A) بادشاہ

(B) وزیر

(C) شہزادہ

(D) وزیرزادہ

80. فرد کے حوالے سے سماج کی عکاسی کس ادبی رجحان میں ہوئی ہے؟

(A) ترقی پسندی

(B) رومانیت

(C) مابعد جدیدیت

(D) جدیدیت

81. فسانہ عجائب میں وزیرزادے کو تبدیلِ روح کا عمل کون سکھاتا ہے؟

(A) انجمن آرا

(B) جادوگر

(C) چڑی مار

(D) جان عالم

82. 'امیرن' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) ابن الوقت

(B) ذات شریف

(C) شریف زادہ

(D) امراؤ جان ادا

83. ''اردو لسانیات'' کا مصنف کون ہے؟

(A) محمود شیرانی

(B) سید سلیمان ندوی

(C) نصیر الدین ہاشمی

(D) شوکت سبزواری

84. مندرجہ ذیل میں مجموعہ مکاتیب کون سا ہے ؟

(A) غبار سفر

(B) غبار خاطر

(C) نشاط خاطر

(D) ملاحظات

85. کس زبان میں ہندوستانی ، فارسی اور عربی اصوات اور حروف موجود ہیں؟

(A) گجراتی

(B) بنگالی

(C) ہندی

(D) اردو

86. ''غالب بہ حیثیت محقق'' کس کی تصنیف ہے ؟

(A) قاضی عبدالودود

(B) مولوی عبدالحق

(C) رشید حسن خاں

(D) جمیل جالبی

87. کتاب ''تنقید کیا ہے'' کے مصنف کون ہیں ؟

(A) احتشام حسین

(B) آل احمد سرور

(C) رشید احمد صدیقی

(D) کلیم الدین احمد

88. ہے دوستی تو جانبِ دشمن نہ دیکھنا

جادو بھرا ہوا ہے تمہاری نگاہ میں

اس شعر میں کون سی صنعت پائی جاتی ہے؟

(A) مبالغہ

(B) مکرِ شاعرانہ

(C) استفہام

(D) خوشامد

89. ''چند ہم عصر'' کا مصنف کون ہے؟

(A) مولوی عبدالحق

(B) فرحت اللہ بیگ

(C) رشید احمد صدیقی

(D) چراغ حسن حسرت

90. ''عجائباتِ فرنگ'' کا پہلا ایڈیشن کب نکلا تھا؟

(A) 1847

(B) 1849

(C) 1850

(D) 1852

91. ''کسی شئے کو اپنی اصل شکل میں دیکھنے کی کوشش کا نام تحقیق ہے''۔ یہ خیال کس کا ہے ؟

(A) مولانا امتیاز علی عرشی

(B) قاضی عبدالودود

(C) رشید حسن خاں

(D) گیان چند جین

92. ترقی پسند تنقید دوسرے کس نام سے موسوم ہے ؟

(A) اخلاقیاتی تنقید

(B) مارکسی

(C) نفسیاتی

(D) جمالیاتی

93. بختیار کس ڈرامے کا کردار ہے؟

(A) انارکلی

(B) رستم وسہراب

(C) پیسہ اور پرچھائیں

(D) ضحاک

94. کلیم الدین احمد کی کتاب 'عملی تنقید' کس صنف سے بحث کرتی ہے؟

(A) مثنوی

(B) غزل

(C) رباعی

(D) قطعہ

95. عقلیت، مادّیت، اجتماعیت اور افادیت کو کس تحریک کے زیرِ اثر زیادہ اہمیت دی گئی ؟

(A) ترقی پسند ادبی تحریک

(B) ایہام گوئی کی تحریک

(C) جدیدیت کی تحریک

(D) علی گڑھ تحریک

96. ذیل میں سے کون سی ترتیب درست ہے؟

(A) گریز۔ تشبیب۔ مدح۔ دعا

(B) مدح۔ گریز۔ تشبیب۔ دعا

(C) تشبیب۔ گریز۔ مدح۔ دعا

(D) دعا۔ مدح۔ تشبیب۔ گریز

97. کس شاعر کے یہاں فلسفہ خودی موجود ہے ؟

(A) جوشؔ ملیح آبادی

(B) جمیل مظہری

(C) علامہ اقبالؔ

(D) فراق گورکھپوری

98. ''مقدمہ تاریخ زبان اردو'' کس نوعیت کی کتاب ہے ؟

(A) متنی تحقیق

(B) تقابلی تحقیق

(C) لسانیاتی تحقیق

(D) تاریخی تحقیق

99. اتنا آسان نہیں فیصلہ ترک سفر
پھر مری راہ میں دو چار شجر آ گئے ہیں
یہ کس کا شعر ہے؟

(A) مجروح سلطان پوری

(B) شہریار

(C) عرفان صدیقی

(D) کلیم عاجز

100. ''خارجیت'' کا تعلق کس دبستانِ شاعری سے ہے ؟

(A) دبستانِ دہلی

(B) دبستانِ رام پور

(C) دبستانِ لکھنؤ

(D) دبستانِ عظیم آباد

## ROUGH WORK